© rasailojaraid.com

اکرام اللہ ساجد

# تعارف وتبصرۂ کتب

نام کتاب . . . جمالِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)

تالیف . . . مولانا حکیم محمد صادق سیالکوٹی

ضخامت . . . ۵۴۴ صفحات

ناشر . . . دائرۃ التبلیغ، پورہ ہیراں۔ سیالکوٹ

ملنے کا پتہ . . . نعمانی کتب خانہ، حق سٹریٹ اردو بازار۔ لاہور

کتابت وطباعت آفسٹ، سفید کاغذ، سنہری ڈائی دار جلد، قیمت درج نہیں!

مولانا حکیم محمد صادق صاحب سیالکوٹی کا اسم گرامی علمی دنیا میں محتاجِ تعارف نہیں، آپ متعدد بلند پایہ کتب کے مصنف و مؤلف ہیں۔ رسائل و جرائد میں بھی آپ کے بیشمار مضامین چھپ چکے، چھپ رہے ہیں اور خدا کرے تا دیر چھپتے رہیں۔ آپ کے خیالات اچھوتے، بیان کردہ واقعات مستند، طرزِ تحریر رواں، پر اثر، شگفتہ مگر متانت لیے ہوتی ہے ——— کتاب وسنت آپ کا خاص موضوع ہے۔

رسولِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی اور آپؐ کے اقوال وافعال سے محبت آپ کی ہر تحریر سے جھلکتی ہے۔ زیر نظر کتاب "جمالِ مصطفےٰ، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی اسی جذبۂ محبت کی بھرپور عکاسی کرتی ہے۔ مصنف کے بقول "یہ کتاب پڑھ کر ان لوگوں کی یہ غلط فہمی دور ہو جاتی چاہیئے جو اہلحدیث حضرات کے خلاف یہ غلط پراپیگنڈہ کرتے نہیں تھکتے کہ وہ گستاخِ رسولؐ ہیں اور آپؐ کی شان بیان کرنے میں بخل سے کام لیتے ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ مصنف نے اس نظریہ کو بھی خصوصی اہمیت دی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے محبت کے معنی صرف یہ نہیں کہ زبانی کلامی اس کے دعوے کئے جائیں بلکہ آپؐ سے محبت وعقیدت کی اصل پہچان یہ ہے کہ کردار واعمال بھی اس کی گواہی دیں اور ان میں سیرتِ رسولؐ کی پیروی اور اطاعت کی واضح جھلک موجود ہو ورنہ یہ خالی دعوے کسی کام نہ آئیں گے کہ آپؐ کی دنیا پر تشریف آوری کا مقصد یہ نہ تھا کہ اپنی امت سے صرف اپنی تعریف کرائیں بلکہ آپؐ کی آمد کا اصل مقصد آپؐ کی اطاعت ہے جو دراصل اللہ تعالیٰ کی اطاعت ہے: "ومن یطع الرسول فقد اطاع اللہ" اور: ولکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ!۔ پس اس نظریہ کا اہتمام

© rasailojaraid.com